Please check the examination details below before entering your candidate information

| Candidate surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson Edexcel GCE**

Centre Number | Candidate Number

# Wednesday 12 June 2019

Morning (Time: 2 hours 30 minutes) | Paper Reference **6UR02/01**

# Urdu

## Unit 2: Understanding and Written Response
## Advanced Subsidiary

**You must have:**
Listening equipment
CD/mp3

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need*.
- You **must** begin with Section A: Listening, and complete this section within 45 minutes. You must **not** replay the recording after the first 45 minutes of the test.
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The paper is divided into 3 sections.
- The total mark for this paper is 70.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*
- Section B of this paper features a question that requires responses in English – *in order to convey these clearly, please ensure that you write legibly and check your spelling, punctuation and grammar.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2019 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/
P60500A0120

Pearson

## SECTION A: LISTENING

وقت کے لحاظ سے اقتباسات کی لمبائی کا اندازہ درجِ ذیل ہے:

اقتباس نمبر1: 1 منٹ 5 سیکنڈ
اقتباس نمبر2: 1 منٹ 10 سیکنڈ
اقتباس نمبر3: 1 منٹ 25 سیکنڈ
اقتباس نمبر4: 2 منٹ 19 سیکنڈ

امتحان کے دوران آپ ریکارڈنگ کو جب چاہیں، جہاں سے چاہیں اور جتنی بار چاہیں سُن سکتے ہیں۔
آپ چاہیں تو ضروری باتیں علیحدہ کاغذ پر لکھ بھی سکتے ہیں۔

سوال نمبر 1:

اقتباس کو غور سے سنیے اور اس کی روشنی میں درجِ ذیل بیانات میں سے صحیح بیانات کے سامنے ☒ کا نشان لگایئے۔

(i) گل کو:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** دانتوں کا ڈاکٹر بننے کا شوق تھا۔ |
| ☒ | **B** استاد بننے کا شوق تھا۔ |
| ☒ | **C** پائلٹ بننے کا شوق تھا۔ |

(ii) گل نے:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** فوجی تربیت حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کی۔ |
| ☒ | **B** پائلٹ بننے کے لیے بڑے مشکل امتحان دیے۔ |
| ☒ | **C** یونیورسٹی میں بڑے مشکل مضمون لکھے۔ |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(iii) گل نے بتایا کہ:

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | وہ ناکام ہوگیا ہے۔ |
| ☒ | **B** | وہ بیمار ہوگیا ہے۔ |
| ☒ | **C** | وہ کامیاب ہوگیا ہے۔ |

(iv) لالہ نے کہا:

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | مجھے ابھی کسی کو نہیں بتانا چاہیے۔ |
| ☒ | **B** | مجھے فوراً امی اور ابو کو بتانا چاہیے۔ |
| ☒ | **C** | مجھے فوراً اپنی سہیلیوں کو بتانا چاہیے۔ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

سوال نمبر 2:

اقتباس کو سن کر مندرجہ ذیل بیانات میں سے صرف چار صحیح بیانات پر ☒ کا نشان لگائیے۔

| | |
|---|---|
| **A** دنیا میں کئی مقامات پر خوبصورت پہاڑ، وسیع جنگلات،تیز دریا اور جھیلیں موجود ہیں۔ | ☒ |
| **B** پاکستان کے شمال میں خوبصورت پہاڑ، دریا، جنگلات، سر سبز وادیاں اور جھیلیں ہیں۔ | ☒ |
| **C** سردیوں میں سیاح ان علاقوں میں بالکل نہیں جاتے۔ | ☒ |
| **D** گرمیوں میں سیاح بڑی تعداد میں یہاں سیر کے لیے آتے ہیں۔ | ☒ |
| **E** یہاں پر آنے والے لوگ اپنے گرم کپڑے اور کئی قسم کے کھلونے بطور تحفہ ساتھ لاتے ہیں۔ | ☒ |
| **F** ہاتھ سے بنی ہوئی چیزیں اور زیورات، گرم شالیں اور خشک میوہ جات بطور تحفہ ساتھ لے جاتے ہیں۔ | ☒ |
| **G** پاکستان کی سڑکوں کی خراب حالت کی وجہ سے سیاح یہاں بہت کم آتے ہیں۔ | ☒ |
| **H** اگر حکومت ایسے علاقوں کی بڑی سڑکوں کو بہتر بنادے تو سیاحوں کی تعداد میں اور اضافہ ہوسکتا ہے۔ | ☒ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA

سوال نمبر 3:

اقتباس کے مطابق نیچے دی گئی خالی جگہوں کو صحیح اردو الفاظ کے ساتھ لکھے ہوئے **انگریزی حروف** سے پُر کیجیے۔

(i) کچھ خواتین نے گھریلو اخراجات چلانے کے لیے گھر سے ہی کھانا بنانے کا ☐ شروع کر دیا ہے۔

(ii) ایک گھریلو خاتون صائمہ ہر ☐ دس سے پندرہ ہزار روپے کے پکوان تیار کر رہی ہیں۔

(iii) اس نئے کاروبار میں ☐ گھریلو خواتین اور تیس فیصد طالبات ہیں۔

(iv) یہ کھانے آپ اپنے ☐ میں باآسانی منگوا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **A** | ملازمت |
| **B** | روز |
| **C** | مہینے |
| **D** | دفتروں |
| **E** | گھروں |
| **F** | پچیس فیصد |
| **G** | کاروبار |
| **H** | ستر فیصد |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

سوال نمبر 4:

انٹرویو کو سن کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اردو میں لکھیے۔

(a) فراز اپنی گفتگو میں کون سے موضوع پر بات کر رہا ہے؟ **(1)**

(b) ملکہ وکٹوریہ کون تھی اور اس کی کیا خواہش تھی؟ **(2)**

(c) ملکہ کے لیے کیا انتظام کیا گیا؟ **(1)**

(d) ملکہ نے اپنے استاد کے لیے کیا کیا؟ **(1)**

(e) اردو سیکھنے کے علاوہ یہ کہانی کیوں اتنی مشہور ہو گئی؟ (دو باتیں لکھیے) **(2)**

(f) انٹرویو کے آخر میں شازیہ نے کیا خاص بات بتائی؟ **(1)**

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 20 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA

**SECTION B: READING**

اقتباس نمبر 5:

اسلم: جب امی مجھے دکان سے دودھ اور انڈے خریدنے کے لیے بھیجتی ہیں تو میرے بھائی بہن فوراً ہی کوک اور چاکلیٹ لانے کا بھی کہہ دیتے ہیں۔ پھر بھی میں ایک آدھ چیز لانا بھول جاتا ہوں۔

صبا: ہمارے گھر میں شام کی چائے کے وقت سب موجود رہتے ہیں۔ کیونکہ چائے کے ساتھ کیک، پکوڑے، سموسے اور تازہ جلیبی وغیرہ منگوائی جاتی ہیں۔ جس سے ہم سب خوب لطف اندوز ہوتے ہیں۔

خرم: ہمارا پورا گھرانہ ہی کرکٹ کا شوقین ہے۔ اس لیے ہر روز شام کے وقت ہم سب لڑکے اپنے گھر کے باہر گلی میں کرکٹ کھیلتے ہیں جبکہ لڑکیاں گھر کے باغیچے میں کھیلتی ہیں۔ اگر ہم کسی وجہ سے گھر کے باغیچے میں کھیلیں تو یہ بات لڑکیوں کو بالکل پسند نہیں آتی۔

فاخرہ: ہفتے میں ایک دفعہ بھائی جان یا باجی رات کے کھانے کے بعد ہم سب بچوں کو آئس کریم کھلانے کی پیشکش کرتے ہیں۔ اس کا بھلا کوئی کیسے انکار کر سکتا ہے۔ ہم سب لڑکے اور لڑکیاں اپنی اپنی پسند کی آئس کریم سے خوب لطف اندوز ہوتے ہیں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

سوال نمبر 5:

کِس نے کیا کہا؟ سامنے دیے گئے اقتباسات کو پڑھ کر صحیح نام کے آگے ☒ کا نشان لگایئے۔
ایک نام دو مرتبہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

| | A<br>اسلم | B<br>صبا | C<br>خرم | D<br>فاخرہ |
|---|---|---|---|---|
| (i) مجھے خریداری کرتے وقت بھولنے کی عادت ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (ii) تازہ جلیبی کا مزہ ہی کچھ اور ہے! | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iii) شام کی چائے کا انتظار رہتا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iv) مجھے آئس کریم کھانا بے حد پسند ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (v) لڑکیاں یہ پسند نہیں کرتیں کہ لڑکے باغیچے میں کھیلیں۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

**(Total for Question 5 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**



P 6 0 5 0 0 A 0 1 0 2 0

اقتباس نمبر 6:

Read the passage and answer the questions below **in English**. Your answers must relate exclusively to the passage and convey **all** the relevant information.

حال ہی میں دنیا میں سب سے آرام دہ ہوائی سفر کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس پرواز میں صرف اٹھاسی لوگ سفر کر سکتے ہیں اور ہر مسافر کو خاص اہمیت دی جاتی ہے۔ اس ہوائی جہاز میں تمام جدید اور اعلیٰ ترین سہولتیں موجود ہیں۔ اس پرواز میں مسافروں کے لیے خاص طور پر سوشل میڈیا کے استعمال کا بہترین انتظام ہے۔ آپ اپنی سیٹ کو جب چاہیں بستر بنالیں اور مزے سے سو جائیں۔ کھانے کے لیے جہاز میں بنائی ہوئی مخصوص جگہ پر بیٹھ کر نہایت شان سے مزے مزے کے تازہ کھانوں کا بھرپور لطف اٹھائیں۔

اس فضائی کمپنی نے انتہائی آرام دہ سفر کے شائقین مسافروں کی خواہشات کو ذہن میں رکھا ہے۔ لیکن اس ہوائی جہاز میں سفر کا لطف اٹھانے کے لیے آپ کے پاس کم از کم اٹھارہ ہزار ڈالر ہونے چاہئیں۔

6 (a) What is the new development in air travel?

**(1)**

..............................................................................................................................

(b) How many passengers can travel on each flight?

**(1)**

..............................................................................................................................

(c) What special facility is there to help you sleep?

**(1)**

..............................................................................................................................

(d) How is food served on this flight?

**(1)**

..............................................................................................................................

(e) What does it cost to enjoy this luxury flight?

**(1)**

..............................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

اقتباس نمبر 7:

غریب گھرانوں کی مدد کے کئی طریقے ہیں۔ بعض لوگ خیرات لینے میں اپنی بے عزتی محسوس کرتے ہیں لیکن سود کے بغیر قرض لینے میں کسی کو شرمندگی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔اس طرح قرض لینے والا کوئی چھوٹا سا کاروبار کر کے اپنے لیے باعزت آمدنی حاصل کر سکتا ہے۔

چودہ سو برس پہلے جب مکہ کے مسلمانوں کو مدینہ ہجرت کرنی پڑی تو انہیں اپنے رشتہ دار اور مال و دولت پیچھے چھوڑ نا پڑا۔ مدینہ کے مسلمانوں نے انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے گھر لے جا کر کہا کہ ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے آج سے آدھا آپ کا اور آدھا ہمارا ہے۔ اس طرح مسلمانوں کے لیے ایک اچھی مثال قائم ہو ئی۔

موجودہ معاشی حالات میں ہمیں اسی قسم کے بھائی چارے کی ضرورت ہے۔ یعنی ہمارے پاس اپنی ضرورت سے زیادہ جو کچھ بھی موجود ہو اس میں سے کسی ضرورت مند کی مدد کر دیں۔ اس نیک کام سے مال میں کمی نہیں بلکہ برکت ہوتی ہے۔

اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ ہر ضرورت مند کے لیے آمدنی کا ذریعہ مہیا کرنا ہماری آپس کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان میں ایک خیراتی ادارے نے پہلی بار سود کے بغیر قرض ایک غریب بیوہ کو دیا جو اپنے گھر کی تمام ذمہ داریاں پوری کرنا چاہتی تھی لیکن خیرات سے نہیں۔ اسے دس ہزار روپے دیے گئے جس سے اس نے کپڑے سینے کی دو مشینیں خریدیں۔ اس خاتون اور اسکی بیٹیوں نے خوب محنت کی۔ اگلے چھ ماہ کے دوران اس باہمت خاتون نے نہ صرف اپنے گھر کے اخراجات پورے کیے بلکہ ایک سال بعد قرض کی ساری رقم بھی واپس کر دی اور خیراتی ادارے سے کہا کہ اس رقم کو اب کسی اور ضرورت مند کو دے کر ایک اچھی مثال بنالیں۔ اس تجربہ سے یہ ثابت ہوا کہ ہزاروں باعزت گھرانوں کی اس طرح بھی مدد کی جاسکتی ہے۔



P60500A01220

سوال نمبر 7:

سامنے دیے گئے متن کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **اپنے الفاظ** میں اردو میں لکھیے۔

(a) عبارت کے مطابق خیرات دینے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(b) بغیر سود کے قرض کو کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(c) مکہ کے مسلمانوں کو ہجرت کے وقت کیا کیا چھوڑنا پڑا؟ **(دو باتیں لکھیے)** **(2)**

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

(d) ہجرت کے اس واقعے میں مسلمانوں کے لیے کیا سبق ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(e) اپنے مال میں برکت کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(f) پاکستان کے خیراتی ادارے نے کس نیک کام کی ابتدا کی؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(g) بیوہ خاتون کی محنت کا کیا نتیجہ نکلا؟ **(دو باتیں لکھیے)** **(2)**

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

DO NOT WRITE IN THIS AREA

(h) بیوہ خاتون نے قرض کی رقم واپس کرتے ہوئے خیراتی ادارے کو کیا مشورہ دیا؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 7 = 10 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 20 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## SECTION C: WRITING

اقتباس نمبر 8:

تعلیم ہر شخص کی ضرورت ہے اس لیے ہر ملک کے اسکولوں میں تعلیم کی مناسب سہولتیں ہونی چاہئیں۔ سہولتوں کے نہ ہونے کی وجہ سے ذہین طالب علموں کی قدرتی صلاحیتیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک کے تقریباً ہر اسکول میں معیاری تعلیم فراہم کی جاتی ہے جبکہ ترقی پذیر ممالک میں عموماً پرائیویٹ اسکولوں میں تعلیم و تدریس اعلیٰ معیار کی ہوتی ہے لیکن اس کے لیے والدین کو بھاری فیس دینا پڑتی ہے۔

سوال نمبر 8:

اوپر دی گئی عبارت اردو کے ایک میگزین سے لی گئی ہے۔ **200–220** الفاظ پر مشتمل اردو میں ایک مضمون لکھیے۔ آپ کے مضمون میں مندرجہ ذیل باتیں شامل ہونی چاہئیں:

- تعلیم کی اہمیت
- اسکولوں میں طالب علموں کی کارکردگی
- بچوں کی تعلیم میں والدین کی ذمہ داری
- تعلیم کو بہتر بنانے میں حکومت کا کردار

..................................................

..................................................

..................................................

DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**(Total for Question 8 = 30 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 30 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 70 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**



P 6 0 5 0 0 A 0 1 9 2 0

**BLANK PAGE**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA